# چھپا ہوا خزانہ

ایک کسان تھا۔ اس کے چار لڑکے تھے۔ لیکن یہ چاروں لڑکے نہایت ہی سست اور کام چور تھے۔ کسان کھیت میں ہل چلاتا، فصل اُگاتا اور اس فصل کو بازار میں بیچ کر پیسے لاتا۔ اس پیسے کو اس کے کاہل لڑکے بے دردی سے عیش میں اُڑاتے اور آوارہ گردی کرتے۔ لڑکوں کے اس رویہ سے بیچارا کسان بہت غمگین ہوا۔ اس کی سمجھ میں یہ بات نہیں آئی کہ وہ کیا کرے؟ کس طرح اپنے لڑکوں کو سستی اور کاہلی جیسی بری عادت سے بچائے؟

آخرکار اس کے دماغ میں ایک ترکیب آئی۔ اس نے لڑکوں کو بلا کر کہا، "میں اب بوڑھا ہو گیا ہوں اور کھیت میں ہل چلا کر محنت کرنے کے قابل نہیں رہا۔ میں ایک راز کی بات تم لوگوں کو بتاتا ہوں۔ میرے کھیت میں خزانہ چھپا ہوا ہے۔ میرے بعد تم اسے نکال لینا۔"

لڑکوں نے باپ سے پوچھا، "خزانہ کس جگہ چھپا ہے؟" کسان نے کہا، "تم اس کھیت میں ہل چلاؤ اور فصل اُگاؤ۔ فصل جب اُگے گی تو میں تم لوگوں کو خزانے کا پتہ بتا دوں گا۔"

باپ کی بات سن کر لڑکے بے حد خوش ہوئے۔ لڑکوں نے اس زمین پر ہل چلا کر بیج بویا۔ فصل اُگ گئی۔ انہوں نے باپ سے پھر پوچھا، "خزانہ کہاں ہے؟" باپ نے کہا، "اس فصل کو کاٹو اور بازار میں بیچ آؤ۔" لڑکوں نے باپ کی بات پر عمل کیا۔ فصل کاٹ کر بازار میں بیچا اور بہت سارے روپے حاصل کیے۔



باپ نے کہا کہ اصلی خزانہ تو یہی ہے۔ خزانے کے راز کو کاہل لڑکوں نے سمجھ لیا۔ لڑکوں نے باپ سے وعدہ کیا کہ وہ لوگ کھیت پر محنت کر کے فصل اُگائیں گے اور بے کار وقت ضائع نہیں کریں گے۔ محنت کر کے ہر سال زمین سے اسی خزانے کو پاتے رہیں گے۔

(ماخوذ)



# مشق

۱- معنی یاد کیجیے :-

| | | |
|---|---|---|
| سست | - | کاہل ،کمزور |
| کاہل | - | کام چور، سست |
| ترکیب | - | ڈھنگ ،طور، تدبیر |
| راز | - | بھید ، پوشیدہ بات |
| خزانہ | - | مال ، دولت |

۲- سوچیے اور بتائیے:-

(i) کسان کے کتنے لڑکے تھے؟

(ii) کسان کے لڑکوں کی عادت کیسی تھی؟

(iii) کسان کیوں غمگین رہا کرتا تھا؟

(iv) کسان نے اپنے لڑکوں کو بلا کر کیا کہا؟

(v) باپ کی کس بات پر کسان کے لڑکوں نے عمل کیا؟

(vi) اخیر میں کسان کے لڑکوں نے اپنے باپ سے کیا وعدہ کیا؟

۳- نیچے لکھے ہوے لفظوں کو جملوں میں استعمال کیجیے تا کہ ان کی تذکیر و تانیث واضح ہو سکے۔

فصل ، عیش ، دماغ ، محنت ، سستی